© rasailojaraid.com

مزاحیہ افسانے | از کرشن چندر تقطیع خورد ضخامت ۱۴۴ صفحات کتابت وطباعت ۷ قیمت ے، تین روپیہ پتہ :۔ آزاد کتاب گھر کلاں محل دہلی۔

جناب کرشن چندر اُردو کے مشہور افسانہ نگار ہیں۔ اور اگرچہ ترقی پسند ادیبوں کی بزم سے تعلق رکھتے ہیں۔ لیکن ان میں وہ بے اعتدالی اور بے راہ روی نہیں ہے جو اسی جماعت کے بعض دوسرے افراد کا خاصہ ہوگئی ہے۔ کرشن چندر کے افسانوں میں رومانیت کے ساتھ زندگی کی واقعیت اور طنز کے ساتھ سنجیدگی بھی ہوتی ہے اس لئے ان کے افسانے پڑھ کر کچھ آنکھیں بھی کھلتی ہیں اور دماغ کو سرور بھی ملتا ہے۔ یہ کتاب موصوف کے بارہ مزاحیہ افسانوں کا مجموعہ ہے جن میں مصنف کی قلمی خصوصیات پوری طرح جلوہ گر ہیں۔

بین الاقوامی سوشلزم | از جناب ضیار الحسن فاروقی ایم۔اے تقطیع خورد ضخامت ۳۹ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت ۸؍ مصنف سے مدینہ منزل بجنور (یوپی) کے پتہ سے ملے گی۔

یہ کتابچہ اگرچہ مختصر ہے لیکن بین الاقوامی سوشلزم سے متعلق ٹھوس معلومات کا حامل ہے۔ اس سوشلزم کا مقصد کیا ہے؟ کن حالات میں کن لوگوں نے اس کو قایم کیا ہے؟ اب تک اس میں کیا کیا تبدیلیاں واقع ہوئیں؟ ان سب سوالات کا جواب دیا گیا ہے اور مفید معلومات پیش کی گئی ہیں اس کے لائق مصنف خود اس تحریک کے محقق طالب علم رہے ہیں اور انھوں نے بڑی سنجیدگی اور غور سے اس کا مطالعہ کیا ہے اس بنا پر اس میں جو معلومات ہیں مستند اور ٹھوس ہیں۔ اردو داں حضرات اس سے خاطر خواہ فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

رہنمائے قرآن

اسلام اور پیغمبرِ اسلام صلعم کے پیغام کی صداقت کو سمجھنے کے لئے اپنے رنگ کی یہ بالکل جدید کتاب ہے جو خاص طور پر غیر مسلم یوروپین اور انگریزی تعلیم یافتہ اصحاب کے لئے لکھی گئی ہے۔

جدید ایڈیشن۔ قیمت ایک روپیہ

© rasailojaraid.com